Prime Minister meets Italian Prime Minister Mario Draghi on the margins of G20 Summit in Rome

October 29, 2021

وزیر اعظم نے روم میں جی 20 سربراہی اجلاس کے حاشیے پر اطالوی وزیر اعظم ماریو ڈریگی سے ملاقات کی

29 اکتوبر، 2021

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے اٹلی کے وزیر اعظم عزت مآب ماریو ڈریگی سے اٹلی میں 29 اکتوبر 2021 کو روم میں جی 20 سربراہی اجلاس کے موقع پر ملاقات کی ۔ یہ ان کی پہلی شخصی طور پر ملاقات تھی۔ وزیر اعظم مودی نے عالمی وبا کے درمیان جی 20 کی کامیابی کے ساتھ میزبانی کرنے پر وزیر اعظم ڈریگی کو مبارکباد دی۔ گلاسگو میں کوپ- 26 کے انعقاد میں اٹلی بھی برطانیہ کے ساتھ شراکت کر رہا ہے۔

2۔ دونوں رہنماؤں نے موسمیاتی تبدیلی سے درپیش چیلنجوں اور بین الاقوامی برادری کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت پر تبادلہ خیال کیا۔ وزیر اعظم نے ہندوستان کی طرف سے کئے گئے موسمیاتی تبدیلی سے متعلق اقدامات اور ترقی یافتہ ممالک کے موسمیاتی فنانسنگ وعدوں کے بارے میں ترقی پذیر ممالک کے خدشات کو اجاگر کیا۔

3۔ دونوں رہنماؤں نے افغانستان اور ہند- بحرالکاہل سمیت حالیہ عالمی اور علاقائی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ہندوستان- یوروپی یونین کثیر جہتی تعاون کو آگے بڑھانے کے لئے ایک ساتھ مل کر کام کرنے کی اپنی خواہش کا اعادہ کیا۔

4۔ دو طرفہ تعلقات کے پہلو پر، دونوں رہنماؤں نے نومبر 2020 میں ہندوستان- اٹلی ورچوئل سمٹ کے بعد سے پیش رفت کا جائزہ لیا اور ورچوئل سمٹ میں اپنائے گئے 2025-2020 ایکشن پلان کے نفاذ میں پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا جس میں سیاسی، اقتصادی، سائنس اور ٹیکنالوجی اور ثقافتی شعبوں میں اہداف طے کئے گئے جسے اگلے پانچ سالوں میں حاصل کیا جائے گا۔

5۔ دونوں رہنماؤں نے خاص طور پر ٹیکسٹائل، فوڈ پروسیسنگ، آٹوموٹیو اور قابل تجدید توانائی کے شعبوں میں دونوں ممالک کے درمیان تجارتی اور سرمایہ کاری کے روابط کو مزید وسعت دینے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ قابل تجدید اور صاف توانائی میں دوطرفہ تعاون کو نئی تقویت فراہم کرنے کے لیے، ہندوستان اور اٹلی نے ایک مشترکہ بیان جاری کیا جس میں توانائی کی منتقلی پر ایک اسٹریٹجک شراکت داری کا اعلان کیا گیا اور بڑے سائز کے گرین کوریڈور پروجیکٹس، اسمارٹ گرڈز، توانائی ذخیرہ کرنے کے حل، گیس کی نقل وحمل، انٹیگریٹڈ ویسٹ مینجمنٹ (ویسٹ ٹو ویلتھ)، گرین ہائیڈروجن کی ترقی اور تعیناتی اور بائیو فیول کا فروغ جیسے شعبوں میں شراکت تلاش کرنے

پر اتفاق کیا۔ ہندوستان اور اٹلی نے میٹنگ کے موقع پر ٹیکسٹائل تعاون کے ارادے کے ایک بیان پر بھی دستخط کئے۔

6۔ بھارتی وزیر اعظم نےوزیر ڈریگی کو جلد از جلد موقع پر ہندوستان کا سرکاری دورہ کرنے کی دعوت دی۔

روم

29 اکتوبر، 2021

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.